اپنے حقوق جانیں

یہ وسیلہ آپ کے حقوق اور آپ کے آجر کی ذمہ داریوں کی وضاحت کرتا ہے، جب بات کام کی جگہ پر جنسی ہراسانی کی ہو۔

کام کی جگہ پر جنسی ہراساں کرنا صوبائی، علاقائی اور وفاقی انسانی حقوق اور کام کی جگہ کے حفاظتی قوانین کے تحت غیر قانونی ہے۔

یہ قوانین کام کی جگہ پر ہر ایک پر لاگو ہوتے ہیں، قطع نظر اس کے کہ ان کی ملازمت یا امیگریشن کی حیثیت کچھ بھی ہو۔

کام کی جگہ پر آپ کے حقوق یہ ہیں:

- اپنی جنس کی بنیاد پر یا کوئی آپ کی جنس، صنف، صنفی اظہار، صنفی شناخت، یا جنسی رجحان کو کیا سمجھتا ہے، اس کی بنیاد پر امتیازی سلوک سے محفوظ رہیں۔
- جنسی ہراسانی سے پاک جگہ پر کام کریں (کام کی جگہ پر اور مادی (فیزیکل) کام کی جگہ سے باہر، دونوں جگہوں پر)، چاہے یہ ساتھی کارکنوں، مالکان، گاہکوں، یا کسی اور کی طرف سے آئے، جس کے ساتھ آپ نمٹ رہے ہیں
- کام کے ایسے زہریلے ماحول سے نمٹنے کی ضرورت نہیں ہے جہاں جنسی یا جنس پر مبنی لطیفے، تبصرے، یا سلوک عام ہوں
- اپنے کام کی جگہ کی جنسی ہراسانی کی پالیسیز، ان پر تربیت، اور ہراساں کرنے کی اطلاع دینے کے محفوظ طریقوں تک رسائی حاصل کریں



- جنسی ہراسانی کی کسی بھی رپورٹ کی منصفانہ چھان بین کروا پائیں
- اگر آپ کو ہراسانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو، اپنی حفاظت اور ضروریات کے لیے مدد اور مطابقت حاصل کریں، چاہے اس کی تحقیقات ہو رہی ہوں، تب بھی
- یہ تحفظات حاصل کریں قطع نظراس سے کہ آپ کی ملازمت اور امیگریشن کی حیثیت کیا ہے (مثال کے طور پر کہ آپ ایک باقاعدہ ملازم، کل وقتی یا جز وقتی، عارضی یا مستقل، آزاد ٹھیکیدار، نگہداشت کی جگہ پر رہائش پزیر، ذاتی خدمت کرنے والے کارکن، عارضی غیر ملکی کارکن، امیگریشن کی غیر یقینی حیثیت والے، وغیرہ ہیں)



آپ کے آجر کی ذمہ داریاں ہیں کہ وہ:

- جنسی ہراسانی کو ہونے سے روکیں
- جنسی طور پر ہراساں کرنے کی واضح پالیسیز بنائیں اور ان پر تربیت فراہم کریں
- جنسی طور پر ہراساں کرنے کی شکایات کی منصفانہ، جلدی اور معقول طریقے سے چھان بین کریں
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ کام کی جگہ سے منسلک ہر شخص (مثلاً ملازمین، ٹھیکیدار، کلائنٹس وغیرہ) پالیسیز اور ہراساں کیے جانے کی اطلاع دینے کا طریقہ جانتا ہے
- جنسی ہراسانی کی اطلاع دینے کے لیے محفوظ، قابل رسائی اور عملی طریقے فراہم کریں



- ہراسانی کی اطلاع دینے والے یا اس کی گواہی دینے والے کسی بھی فرد کو انتقامی کارروائی سے تحفظ فراہم کریں (اسے کھل کر بولنے پر سزا دینا غیر قانونی ہے)
- جنسی ہراسانی کی شکایت کرنے والے یا جنسی ہراسانی کی تحقیقات میں حصہ لینے والے کسی بھی فرد کی مدد کریں اور اسے وسائل فراہم کریں
- کام کی جگہ کے کلچرکو جنسی یا جنس پر مبنی لطیفوں، تبصروں، یا ڈسپلے سے پاک رکھیں



- جنسی ہراسانی کی تحقیقات کریں چاہے یہ صرف ایک بار ہوا ہو، یا چاہے ہراساں کرنے والے کا مقصد جنس یا جنس کی بنیاد پر کسی کو نشانہ بنانا نہیں تھا
- ہراسانی کرنے کی تحقیقات کریں چاہے کسی نے باقاعدہ شکایت نہ بھی کی ہو
- یہ سمجھیں کہ مسلم خواتین (یا کسی بھی خواتین) کے خلاف ہراساں کیے جانے میں ان کی نسل یا مذہب سے منسلک جنسی یا جنس پر مبنی رویہ شامل ہو سکتا ہے، جو کہ ہراساں کرنے کی دیگر اقسام سے مختلف نظر آ سکتا ہے۔

آپ کے آجر کی جنسی طور پر ہراساں کرنے کی پالیسیز کو لازمی طور پر:



- لکھا ہوا ہونا چاہیے
- سمجھنے میں آسان ہونا چاہیے
- آسانی سے رسائی حاصل ہونی چاہیے
- آپ کو دی جانی چاہیے اور واضح طور پر بیان کی جانی چاہیے
- جنسی ہراسانی کی اطلاع دینے کے لیے واضح اقدامات شامل کرنا چاہیے
- جنسی ہراسانی کی اطلاع دینے کے متبادل طریقے پیش کرنے چاہیے
- پالیسیز پر تربیت کی ضرورت ہونی چاہیے
- جنسی ہراسانی کی اطلاع دینے والے، یا جنسی ہراسانی کی تحقیقات میں حصہ لینے والے کسی بھی شخص کو انتقامی کارروائی سے تحفظ دینا چاہیے
- چاہیے کہ خاص طور پرجنسی ہراسانی (صرف عمومی طور پر ہراساں یا امتیازی سلوک نہیں) سے نمٹیں
- وضاحت کرنا چاہیے کہ رپورٹ کرنے والے شخص کے لیے کون سا تعاون دستیاب ہے
- پالیسیز کے ترجمہ یا تشریح کی اجازت دینی چاہیے، اور ضرورت پڑنے پر رپورٹنگ اور تحقیقات کے دوران تشریح فراہم کرنی چاہیے

آپ کے آجر کی جنسی ہراسانی کی تحقیقات کے لیے ضروری ہے:

- "امکانات کے توازن" کے معیار کا استعمال کریں، یعنی وہ فیصلہ کریں کہ آیا جنسی ہراسانی کا زیادہ امکان (50% یا زیادہ امکان) ہے، نہ کہ "مناسب شک سے بالاتر ثبوت" کا سخت تر مجرمانہ معیار
- اگر کوئی اندرونی تفتیش کار منصفانہ اور غیرجانبدار نہیں ہو سکتا، یا اس سے قاصر نظر آتا ہے تو باہر کے تفتیش کار کو لے کر آئیں
- سپورٹ کے لوگوں کو آپ کے ساتھ رکھنے دیں
- آپ کو اپنی معلومات کا اشتراک کرنے کے قابل رسائی طریقے فراہم کریں، یا تو تحریری یا زبانی
- اس میں شامل ہرایک کے ساتھ انصاف کریں
- تفتیش کے دوران آپ کو محفوظ رکھنے کے لیے اقدامات فراہم کریں
- معلومات کو خفیہ رکھیں
- آپ کو جوابی کارروائی سے بچائیں اوراس کے ہونے سے بچنے کے طریقے رکھیں یا اگر کوئی جوابی کاروائی پیش آ جائے تو اسے روکنے کے طریقے رکھیں

کینیڈین کونسل آف مسلم ویمن (CCMW) نے کام کی جگہ پر جنسی ہراسانی کی مداخلتیں (ورک پلیس انٹروینشنز آن سیکشوئل ہراسمنٹ) (WISH) پروجیکٹ کے حصے کے طور پر تیار کیا ہے۔

یہ وسیلہ عام قانونی معلومات فراہم کرتا ہے اور یہ قانونی مشورہ نہیں ہے۔

محکمہ انصاف کینیڈا کی طرف سے فنڈنگ

© 2026 CCMW | اپ ڈیٹ شدہ: مارچ 2026

Canadian Council of Muslim Women (CCMW)
Le conseil canadien des femmes musulmanes (CCFM)

Department of Justice Canada
Ministère de la Justice Canada